رپورٹ کے مطابق 2026 میں دہشت گرد حملوں میں سے 73 فیصد کا نشانہ پولیس اور سیکیورٹی ادارے ہے۔ یہ اعداد و شمار اس حقیقت کو نمایاں کرتے ہیں کہ دہشت گرد حکام اور براہ راست عوامی تحفظ کے ذمہ دار اداروں کو کمزور کرنے اور عوام کے تحفظ پر براہ راست اثر انداز ہونے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پولیس کسی بھی معاشرے میں امن و امان کی بحالی، دفاعی و بیرونی خطرات، جدید ترتیب، بہتر حفاظتی طویل عرصے سے دہشت گردی کے خلاف جدوجہد کر رہا ہے اور اس تجربے نے واضح کیا ہے کہ صرف کارروائیوں کے ذریعے مستقل امن قائم نہیں کیا جاسکتا۔ دہشت گردوں کی نقل و حرکت روکنے، ان کے مالی وسائل کا سراغ لگانے، مقامی سہولت کاری ختم کرنے اور ان کے نظریاتی و فکری ڈھانچے کو کمزور کرنے کے لیے ایک جامع حکمت عملی ناگزیر ہے۔

رپورٹ میں صوبائی حکومت کی پالیسیوں، تیاری اور انسداد دہشت گردی اقدامات میں کمی کی بھی نشاندہی کی گئی ہے۔ اس پہلو کو بھی جانب توجہ دلانا ضروری ہے کیونکہ امن و امان کی ذمہ داری پوری کرنے کے لیے صوبائی انتظامیہ، پولیس اور انسداد دہشت

سندھ ہائی کورٹ، 3 سالہ عائشہ راؤ کو 16 اکتوبر کو پیش کرنے کا حکم

والدہ کی درخواست پر آئی جی سندھ، ایڈیشنل آئی جی کراچی اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری، شوہر پر بچی چھیننے، قتل اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کے الزامات

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے تین سالہ بچی عائشہ راؤ کی سپید کشی سے متعلق درخواست پر آئی جی سندھ، ایڈیشنل آئی جی کراچی اور دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے بچی کو 16 اکتوبر کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ سماعت کے دوران درخواست گزار زہرہ فاطمہ کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ بچی کی عمر صرف تین سال ہے اور وہ اپنی والدہ کے حوالے بغیر نہیں رہ سکتی، لہٰذا اسے والدہ کے حوالے کرنے کا حکم دیا جائے۔ درخواست گزار نے مطالبہ کیا کہ بچی کو شوہر اور ان کے اہل خانہ کے حوالے کرنے سے روکا جائے۔ درخواست گزار نے مؤقف اختیار کیا کہ بچی کی سپید کشی کے ذمہ داران کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے۔ درخواست گزار کے مطابق ان کے شوہر راغم مطلوب تین سالہ بچی کو ان سے چھین کر اپنے ساتھ لے گئے ہیں۔ انہوں نے شوہر پر تشدد کرنے اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کے الزامات بھی عائد کیے۔ درخواست گزار کی مذکورہ میں 28 ستمبر کو شاہراہ نور جہاں تھانے میں مقدمہ درج کرایا گیا تھا، جس میں دھمکیاں دینے، کم عمر بچی کو اغوا و ظلم کرنے سے متعلق دفعات شامل ہیں۔ بچی کی عمر صرف تین

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا ایران کے خلاف مزید کارروائی کا عندیہ

انخار کریں، نیا دیکھے گی کہ امریکہ ایران کے ساتھ کیا کرتا ہے؟ ہارمز کی تنگنائی کو فوری کھولنے کی دی دھمکی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے خلاف مزید کارروائی کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا دیکھے گی کہ امریکا ایران کے ساتھ کیا کرتا ہے، واشنگٹن کی بنیادی ترجیح ایران کو جوہری ہتھیار حاصل نہیں ہونے دینا ہے۔ فیئر نیگل میڈیا کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے امریکی ریاست لاسکا کے شہر وسیلا میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انتظار کریں اور دیکھیں کہ امریکا ایران کے خلاف کیا اقدامات کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا ایران کے معاملے پر اب بہت حد تک فیصلہ کرچکا ہے جبکہ ایرانی حکام بھی انتظار کررہے ہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ ان کے نزدیک سب سے اہم بات یہ ہے کہ ایران کو جوہری ہتھیار حاصل نہیں ہونے چاہئیں گے۔ انتظار کریں اور دیکھیں کہ امریکا ایران کے خلاف کیا اقدامات کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا ایران کے معاملے پر اب بہت حد تک فیصلہ کرچکا ہے جبکہ ایرانی حکام بھی انتظار کررہے ہیں۔

طالب علم رشم خان قتل کیس، تفتیش دوسرے ضلع یا تحقیقاتی ادارے کے سپرد کرنے کی درخواست

پولیس وردی میں ملبوس ملزمان نے ڈکیتی کے دوران فائرنگ کرکے بیٹے کو قتل کیا، والد کا مؤقف، پولیس پر عدم اعتماد، مقدمے میں پیش رفت نہ ہونے کا الزام

اغوا مانگ کیا گیا، یہ کہ ضلع غربی کی تفتیش ٹیم اصل ملزمان کو تحفظ دے رہی ہے، جس کے باعث مقتول کے اہل خانہ کو مقتدر پولیس کی تفتیش پر اعتماد نہیں رہا، درخواست گزار نے مقتول کے والد رشید خان کے اہل خانہ سے ملاقات کی، درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ مقدمے کی تفتیش ضلع غربی

بقیہ نمبر 1

فضل ہے، خدا ہی ہمیں لوگوں کو سمجھ نہ کریں، پروپرٹی ہے، ایونٹس لیزر فوجی خان کو چکنے ہیں ہم امن لائیں گے۔ انہوں نے 35 سال حکومت کی، جنرل ایوب 10 سال رہے، یحییٰ خان 11 سال، پرویز مشرف 11 سال رہے، اس کے بعد پاکستان دہشت گردوں کا اڈا بنا، پاکستان کو آپ نے دہشت گردوں کا اڈا بنایا، دہشت گردوں کو یہاں تربیت دی جاتی رہی۔ اس دوران وزیر اعظم شہباز شریف بھی ایوان میں پہنچے تھوڑا دیر انچارج رہے کہ آپ کو وزیر نہیں ہیں آپ معذرت پر کر گرد کرائیں گے بھی رائج کریں گے، انہوں نے کے مطابق آپ کا پرنٹس کی صورت میں دہشت کہا کہ آپ کو وزیر نہیں ہیں آپ صرف غیر گرد کرائیں گے بھی رائج کریں گے، انہوں نے کے مطابق آپ کا پرنٹس کی صورت میں دہشت آئینی تقریر قانونی ہے، آپ لوگوں

پاور لومز بحران تشویشناک، حکومت توجہ دے، اخلاق خرم

اگر حکومت نے پاور لوم انڈسٹری کے بحران پر توجہ نہ دی تو اس صنعت سے وابستہ لاکھوں افراد بے روزگار ہو جائیں گے

دھاگہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتیں، ایکسپورٹ کی بندش جیسے مسائل نے اس صنعت کا بیڑا غرق کر دیا ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق چیئرمین آل پاکستان کاٹن پاور لومز ایسوسی ایشن رانا خرم اخلاق تبج نے پاور لومز کے بحران پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر حکومت نے پاور لوم انڈسٹری کے بحران پر توجہ نہ دی تو اس صنعت سے وابستہ لاکھوں افراد بے روزگار ہو جائیں گے۔ دھاگہ کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ، بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتیں، ایکسپورٹ کی بندش جیسے مسائل نے اس صنعت کا بیڑا غرق کر دیا ہے۔ ٹیکسٹائل برآمدات کے حوالے سے 40 فیصد سے زائد حصہ کا حامل شہر فیصل آباد کی صنعتی و کاروباری رونقیں ماند پڑ چکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے پاکستان کی ٹیکسٹائل ایکسپورٹ دن بدن کم ہوتی جا رہی ہے، حکمرانوں نے پالیسیوں کو تبدیل نہ کیا تو ایکسپورٹ سرکل تباہ و برباد ہو جائے گا، بجلی، گیس اور پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے ٹیکسٹائل انڈسٹری کو موت کے منہ میں دھکیل دیا ہے، لاکھوں گھرانے اس روزگار سے وابستہ ہیں، حکمرانوں نے آنکھیں نہ کھولی تو بیروزگاری کا سیلاب انہیں بھی بہالے جائے گا۔

وزیراعظم نے خیبر پختونخوا کی صورتحال پر ایم کیو ایم وفد کو اعتماد میں لیا

صوبائی حکومت دہشت گرد گروہوں کے خلاف مکمل کر آواز اٹھانے میں ناکام رہی، شہباز شریف



اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے خیبر پختونخوا کی صورتحال پر ایم کیو ایم وفد کو اعتماد میں لیا۔ وزیراعظم شہباز شریف سے ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی زیر قیادت ایم کیو ایم کے وفد نے ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم نے وفد کو خیبر پختونخوا کی صورتحال پر اعتماد میں لیا اور کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کے بہترین مفاد میں مشکل ترین فیصلہ کرنا پڑا۔ وزیراعظم نے کہا کہ بھرپور کوشش کی کہ کسی طرح ہمیں یہ انتہائی قدم نہ اٹھانا پڑے۔

فیصل آباد میں ڈینگی کے خلاف اقدامات تیز، غفلت پر کوئی رعایت نہیں ہوگی

شہریوں کو اس وبا سے محفوظ رکھنے کے لیے حفاظتی اقدامات میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر فیصل آباد محمد نعمان صدیق کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز رشدا قبال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی ریسپانس کمیٹی برائے انسداد ڈینگی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں انسداد ڈینگی اقدامات، سرویلنس سرگرمیوں اور ہاٹ سپاٹس کی کوریج کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سی او ہیلتھ، ضلع کونسل، ایجوکیشن، لوکل گورنمنٹ، واسا، ستھرا پنجاب ایجنسی، پی ایچ اے سمیت دیگر محکموں کے افسران مجود تھے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہاٹ سپاٹس کی مؤثر نگرانی یقینی بنانے اور ڈینگی لاروا کی افزائش کے ممکنہ مقامات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 51)

ایران کے کہنے پر سرگرم حوثی تیل کی قیمتیں بڑھانے کی کوشش کر رہے ہیں، ٹرمپ کا دعویٰ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے حوثی ملیشیا پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ ایران کے کہنے پر دوبارہ سرگرم ہوئی ہے اور سعودی عرب کو نشانہ بنا کر جان بوجھ کر تیل کی قیمتیں بڑھانے کی کوشش کر رہی ہے۔ ٹروتھ سوشل پر اپنے بیان میں ڈونلڈ ٹرمپ نے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 50)



فیصل آباد: پاکستان سنی تحریک کے زیر اہتمام "پیغام امن سیمینار" سے مرکزی کوآرڈینیٹر و ممبر ضلعی امن کمیٹی پروفیسر پیر میاں محمد آصف رضا قادری، مولانا عادل رضا قادری، مولانا محمد فاروق جلالی، حافظ محمد آصف عطاری، محمد حماد قادری، نذیر العابدین عطاری و دیگر خطاب کر رہے ہیں۔

ملکی ترقی کیلئے سیاسی محاذ آرائی اور بے یقینی کا خاتمہ ناگزیر ہے

معاشی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سیاسی استحکام وقت کی اہم ضرورت ہے، آصف قادری

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ملکی ترقی کیلئے سیاسی محاذ آرائی اور بے یقینی کا خاتمہ ناگزیر ہے۔ معاشی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سیاسی استحکام وقت کی اہم ضرورت ہے۔ غربت، مہنگائی کے ستائے عوام کو فوری ریلیف دینا ہوگا۔ قومی مفادات کو ذاتی مفادات پر ترجیح دی جائے۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان سنی تحریک کے مرکزی کوآرڈینیٹر و ممبر ضلعی امن کمیٹی پروفیسر پیر میاں محمد آصف رضا قادری، ن "پیغام امن سیمینار" سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور امن کے قیام کے لیے پاکستان سنی تحریک تمام تر سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر اپنے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 46)

بنوں میں سی ٹی ڈی، پولیس اور پاک فوج کا مشترکہ آپریشن، 2 دہشتگرد ہلاک

پشاور (این این آئی) ضلع بنوں میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی)، ضلعی پولیس اور پاک فوج کے مشترکہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں 2 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ سی ٹی ڈی کے مطابق ہلاک دہشت گردوں میں سے ایک کی شناخت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 47)

چین سے کپڑے کی بلا معطل امپورٹ تشویشناک

جاوید فضل، بلال جاوید

غیر ملکی بالخصوص چینی کپڑے کی سستے داموں مارکیٹ میں برآمدات کے باعث مقامی پاور لومز انڈسٹری شدید بحران کا شکار ہو چکی ہے

اگر حکومت نے فوری طور پر درآمدات پر کنٹرول نہ کیا اور مقامی پاور لومز سیکٹر کی سرپرستی نہ کی تو ملک کی ٹیکسٹائل انڈسٹری کو ناقابل تلافی نقصان پہنچے گا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) انجمن تاجران گلی وکیلانوالی کے رہنماؤں حاجی جاوید فضل اور بلال جاوید نے ملک میں چین سے کپڑے کی بلا معطل امپورٹ پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے فوری طور پر اس پر پابندی عائد کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ غیر ملکی بالخصوص چینی کپڑے کی سستے داموں مارکیٹ میں برآمدات کے باعث مقامی پاور لومز انڈسٹری شدید بحران کا شکار ہو چکی ہے اور ملک بھر میں تقریباً 50 فیصد پاور لومز بند ہو چکی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ انڈسٹری کی نصف حد تک بندی سے لاکھوں دیہاڑی دار اور ہنر مند مزدور بے روزگار ہو چکے ہیں، جبکہ باقی ماندہ انڈسٹری بھی شدید مالی خسارے اور تباہی کے دہانے پر کھڑی ہے۔ مقامی ٹیکسٹائل اور پاور لومز سیکٹر کو بچانے کے لیے چین سے آنے والے کپڑے کی امپورٹ کو فوری طور پر روکا جائے۔ پاور لومز ایسوسی ایشن نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ٹیکسٹائل سیکٹر کے لیے ہنگامی بنیادوں پر ریلیف پیکیج کا اعلان کرے تاکہ بند ملوں کی بحالی ممکن ہو سکے۔ انڈسٹری کی بحالی سے لاکھوں بے روزگار ہونے والے مزدوروں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 26)

صنعتی بحران کے خاتمے کیلئے حکومت ہنگامی اقدامات کرے، میاں محسن ایوب

پاور لوم سیکٹر سمیت ملکی انڈسٹری کی تیزی سے بندش کو ملکی معیشت کے لیے انتہائی خطرناک ہے



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) ڈائریکٹ کیمیکلز ایسوسی ایشن فیصل آباد کے سابق سینئر نائب صدر و ایگزیکٹو ممبر اڈنٹر ایسوسی ایشن پاکستان او چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبر میاں محسن ایوب نے بجلی گیس، پٹرولیم مصنوعات نرخوں میں آئے روز اضافہ اور بے جا ٹیکسز کی بھرمار پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاور لوم سیکٹر سمیت ملکی انڈسٹری کی تیزی سے بندش کو ملکی معیشت کے لیے انتہائی خطرناک ہے ملک پہلے ہی معاشی بحران کا شکار ہے پاور لومز، ٹیکسٹائل انڈسٹری ساتھ ساتھ ڈائریکٹ کیمیکلز کا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 49)

پی ٹی آئی ٹولے نے خیبر پختونخوا کا بیڑا غرق کر دیا ہے

دہشت گردی، منشیات فروشی، سمگلنگ اور بھتہ خوری عام ہے، عبدالغفور بٹ



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن یوتھ ونگ سٹی کے سابق صدر عبدالغفور بٹ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ٹولے نے خیبر پختونخوا کا بیڑا غرق کر دیا ہے دہشت گردی، منشیات فروشی، سمگلنگ اور بھتہ خوری عام ہے ترقی ناکام کوئی چیز نظر نہیں آتی غربت اور بے گاری عام ہے خیبر پختونخوا کی عوام اکثریت پنجاب سندھ میں کام کرنے آتی ہے خیبر پختونخوا میں گورنر راج، ایمرجنسی کا نفاذ وقت کا تقاضا تھا وفاقی حکومت نے آئین کے مطابق اقدامات کے ہیں، آئین میں درج ہے اگر کوئی صوبہ امن اومان قائم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 48)

کراچی: کمشنر کراچی سید حسن نقوی کو صدر آرٹس کونسل آف پاکستان محمد احمد شاہ و رائٹ مجر فیسٹیول کے انتظامات کے حوالے سے آگاہی دے رہے ہیں

فیصل آباد میں عالمی زرعی سائنسدانوں کا گندم کی جدید تحقیق پر تبادلہ خیال

گندم کی پیداوار بڑھانے کیلئے جدید تحقیق اور مشینری کے استعمال پر زور

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) بین الاقوامی ادارہ "سی آئی ایم وائی ٹی" (سٹ) کے زرعی سائنسدانوں کے اعلیٰ سطحی وفد نے زرعی تحقیقاتی ادارہ گندم آری، فیصل آباد کا دورہ کیا۔ وفد کی قیادت "سٹ" کے ڈائریکٹر گلوبل ویٹ پروگرام ڈاکٹر فلیویو بریسو گھیلو نے کی۔ ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچرل ریسرچ پنجاب ڈاکٹر ساجد الرحمٰن اور چیف سائنٹسٹ شعبہ گندم ڈاکٹر جاوید احمد نے وفد کے شرکاء کو پنجاب میں جاری زرعی تحقیق کے علاوہ بین الاقوامی ادارہ وسٹ کے اشتراک سے گندم کی متعارف کردہ اقسام کے متعلق تفصیلی بریفنگ دی ڈاکٹر ساجد الرحمٰن نے بتایا کہ ادارہ کے نے کی۔ ڈائریکٹر جنرل ایگریکلچرل ریسرچ زرعی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 27)

قومی اسمبلی چوہدری محمود بشیر ورک، سابق ارکان قومی اسمبلی دہشتگردی کیخلاف جانوں کے نذرانے پیش کرنیوالے افسروں و جوانوں کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں رکن قومی اسمبلی اور سابق وفاقی وزیر چوہدری محمود بشیر ورک، سابق ارکان قومی اسمبلی، دہشت گردی کے خلاف اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے پاک فوج اور پولیس کے افسروں اور جوانوں کے ایصال ثواب کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 28)

ڈی آئی خان میں دو گروپوں کے درمیان فائرنگ، 5 افراد جاں بحق، 3 زخمی

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) ڈی آئی خان میں دو گروپوں کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق اور 3 زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے واقعے میں جاں بحق ہونے والوں کی شناخت قدرت اللہ، محمد فاروق، (باقی صفحہ اندرونی نمبر 30)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا فیصلہ آئینی تقاضوں کے مطابق ہونا چاہیے

دہشت گردی کے خاتمے کیلئے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کا تعاون ضروری ہے، میاں عامر حسن

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و ممبر سی سی برسٹر میاں عامر حسن نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے معاملے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی جمہوریت، آئین کی بالادستی اور پارلیمان کی خودمختاری پر یقین رکھتی ہے چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور صدر مملکت آصف علی زرداری نے مسئلے کے حل کے لیے بھرپور کوششیں کیں، تاہم مذاکرات کے ذریعے مسئلے کو حل کرنے کی کوششیں کامیاب نہ ہو سکیں، غیر معمولی حالات میں آئینی دفعات کا استعمال ناگزیر ہو سکتا ہے کسی بھی غیر معمولی اقدام کیلئے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 29)

ایمرجنسی نفاذ صورت حال کے تناظر میں کیا گیا، رانا عبدالحمید

قومی مفادات کے تحفظ کیلئے بروقت فیصلے کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ ن پی پی 113 کے سینئر نائب صدر رانا عبدالحمید نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا نفاذ پی ٹی آئی حکومت کی پیدا کردہ صورت حال کے تناظر میں کیا گیا ہے، جبکہ سلامتی اور عوام کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے اور قومی مفادات کے تحفظ کے لیے ہر وقت فیصلے کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، انہوں نے اپنے بیان میں الزام عائد کیا کہ پی ٹی آئی کی حکومت خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے خاتمے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 45)

رحمان بابا ایکسپریس حادثے پر اظہار افسوس، ریلوے نظام کا حفاظتی آڈٹ کیا جائے

زخمیوں کو بہترین علاج اور متاثرہ خاندانوں کو معاوضہ دیا جائے، عارف احسان ملک



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر عارف احسان ملک نے رحمان بابا ایکسپریس کے افسوسناک حادثے اور ٹرین کے پٹری سے اترنے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع اور متعدد مسافروں کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صدر ایف سی سی آئی نے جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس المناک حادثے پر (باقی صفحہ اندرونی نمبر 44)

افغانستان میں ٹی ٹی پی کے 6 ہزار سے زائد دہشت گرد موجود ہیں

خیبر پختونخوا میں گورنر راج دہشت گردی کے خلاف اقدامات میں مدد دے گا، ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) سابق وفاقی مشیر ٹیکسٹائل و ایم این اے پی پی پی ڈاکٹر مرزا اختیار بیگ نے کہا کہ اگر افغانستان دہشت گردی کا سپورٹر رہے گا تو امن کیسے آئے گا؟ افغانستان میں ٹی ٹی پی کے 6 ہزار سے زائد دہشت گرد پناہ لیے ہوئے ہیں، دہشت گرد افغان سرزمین پر محفوظ پناہ گاہوں میں مقیم ہیں، دہشت گرد افغان سرزمین پر ہر قسم کی تربیت حاصل کر رہے ہیں جو اقدام خیبر پختون خوا میں ہوا اس کا خیر مقدم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 32)

قومی مفاد میں محمود اچکزئی کو سپیکر چیمبر آ کر مذاکرات کرنے چاہئیں، خلیل طاہر سندھو

حکومت مذاکرات کے ذریعے اتفاق رائے سے فیصلے کرنا چاہتی تھی، اپوزیشن کا ایجنڈا صرف باقی پی ٹی آئی تھے



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ ن پنجاب ٹیزوننگ پنجاب کے صدر سینیٹر سردار خلیل طاہر سندھو نے کہا ہے کہ حکومت کی طرف سے قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کو ایک بار پھر قومی اسمبلی چیمبر آ کر ملاقات کرنے کی دعوت کو جمہوری عمل کے مطابق قبول کرنی چاہئے۔ جاری بیان میں ان کا کہنا تھا کہ سپیکر قومی اسمبلی حکومت اور اپوزیشن کے برابر ہیں اور سردار ایاز صادق غیر جانبدار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 31)

روزانہ کی بنیاد پر پیٹرول کی قیمتیں بڑھا کر عوام کو مذاق بنایا جا رہا ہے، نوید اعوان

جماعت اسلامی تین ماہ سے سڑکوں پر پٹرولیم لیوی کے خلاف احتجاج کر رہی ہے لیکن حکمران خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، عوام اپنا حق لینا جانتے ہیں

لیوی کا پیٹرول کی عالمی مارکیٹ میں قیمتوں سے کوئی تعلق نہیں ہے، یہ معاشی دہشت گردی ہے جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جا سکتا

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) ڈپٹی جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی فیصل آباد حافظ نوید اعوان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ حکمران روزانہ کی بنیاد پر پٹرول کی قیمتیں بڑھا کر عوام کا مذاق اڑا رہے ہیں، جماعت اسلامی تین ماہ سے سڑکوں پر پٹرولیم لیوی کے خلاف احتجاج کر رہی ہے لیکن حکمران خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، عوام اپنا حق لینا جانتے ہیں، وفاقی وزرا کی جانب سے لیوی ختم نہ کرنے کے بیانات جاری رہے تو فیصلہ سلام آباد کی سڑکوں پر ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ لیوی کا پیٹرول کی عالمی مارکیٹ میں قیمتوں سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ یہ معاشی دہشت گردی ہے جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جا سکتا۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 43)

پاک فوج کے شہید پائلٹس قوم کا فخر ہیں، ریاض چوہدری

میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر اظہار افسوس



فیصل آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما محمد ریاض چوہدری نے کوئٹہ کے علاقے نواں کلی کے قریب پاک فوج کے ایوی ایشن کے تربیتی طیارے کو پیش آنے والے حادثے میں انسٹرکٹر پائلٹ میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور سٹوڈنٹ پائلٹ کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ریاض چوہدری نے کہا کہ ملک کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے بہادر سپوت قوم کا فخر ہیں پاکستان پیپلز پارٹی سمیت پوری قوم شہدا کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے

پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں 100 ارب ڈالر سے زائد نقصان اٹھایا

پرامن افغانستان پاکستان اور خطے کے مفاد میں ہے، راجہ اسد نادر خان



فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) سابق وفاقی وزیر داخلہ راجہ نادر پرویز مرحوم کے صاحبزادے راجہ اسد نادر خان نے کہا ہے کہ پاکستان نے 40 سال تک 40 لاکھ افغانوں کی میزبانی کی، افغان مہاجرین کیلئے ہماری مہمان نوازی اور محبت کی دنیا گواہ ہے۔ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ کر کے دنیا کو محفوظ کیا، افغانستان میں 20 ہزار سے زائد دہشت گرد موجود ہیں، ہمیں انتہا پسندی کا سامنا ہے، پُرامن اور مستحکم افغانستان پاکستان اور خطے کے مفاد میں ہے، دہشت گرد افغان سرزمین پر ہر قسم کی تربیت حاصل کر رہے ہیں،



کراچی کمشنر کراچی سید حسن نقوی اور صدر آرٹس کونسل آف پاکستان محمد احمد شاہ و رائٹ مجر فیسٹیول کے انتظامات کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مصنوعی ذہانت اور ڈرونز سے فصلوں کی پیداوار بڑھانے میں مدد ملے گی

ڈیجیٹل زراعت سے پانی، کھاد اور پیداواری اخراجات میں کمی ممکن ہے، عابد الیاس ڈار

فیصل آباد (آن لائن) مصنوعی ذہانت، ڈرونز اور سیٹلائٹ تصاویر کی مدد سے کسان فصلوں پر بیماریوں اور کیڑوں کے حملوں کی بروقت نشاندہی، پانی اور کھاد کے درست استعمال اور پیداواری اخراجات میں کمی لا سکتے ہیں، جس سے فصلوں کی پیداوار بڑھانے اور وسائل کے ضیاع کو روکنے میں مدد ملے گی ان خیالات کا اظہار گذشتہ روز انگری لفٹ کے چیف انجینئر ایگریکلچر اینڈ اسٹرٹیجی آفیسر عابد الیاس ڈار نے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں "فصلوں کی ڈیجیٹل نگرانی اور جدید زرعی ترقی" کے موضوع پر ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا سیمینار کا اہتمام انسٹی ٹیوٹ آف ایگریکلچرل ایکسٹینشن، ایجوکیشن اینڈ رورل ڈویلپمنٹ کی سوسائٹی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 38)

خامنہ ای کے بعد ایران بکھرنے کی امریکی توقع سنگین غلطی تھی، پاسداران انقلاب

تہران (این این آئی) ایران کی پاسداران انقلاب کے سینئر کمانڈر بریگیڈیئر جنرل یداللہ جوانی نے کہا ہے کہ امریکا نے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی شہادت کے بعد ایرانی نظام کے خاتمے کی توقع لگا کر سنگین غلطی کی۔ قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کے مطابق (باقی صفحہ اندرونی نمبر 42)

فیصل آباد میں غیر قانونی سلاٹر ہاس پر چھاپہ، 2 ہزار کلو مضر صحت گوشت برآمد کر کے تلف کر دیا گیا

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) محکمہ لائیو سٹاک فیصل آباد اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کی مشترکہ ٹیم نے چک 67 ج۔ب سدھار، سبزی منڈی چراگاہ فیصل آباد میں قائم غیر قانونی سلاٹر ہاؤس کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے بھاری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 40)

تاجروں کو بھی بجلی بلوں میں خصوصی ریلیف دیا جائے، شیخ ادریس

بجلی کے بھاری بل دکانوں کے کرائے اور دیگر اخراجات تاجروں پر اضافی بوجھ بن چکے ہیں

اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے سے عام آدمی کے لیے اخراجات پورے کرنا مشکل ہو گیا ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) صدر گول کانٹھا ایسوسی ایشن شیخ محمد ادریس نے مطالبہ کیا ہے کہ چھوٹے تاجروں کو بھی فیول سہولت کی طرز پر بجلی کے بلوں میں خصوصی ریلیف فراہم کیا جائے تاکہ انہیں معاشی مشکلات سے نکالنے میں مدد مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی نے عوام کی قوت خرید بری طرح متاثر کر دی ہے، جس کے باعث کاروباری سرگرمیاں مسلسل مندی کا شکار ہیں۔ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافے سے عام آدمی کے لیے اخراجات پورے کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ عوام کی قوت خرید کم ہونے سے فروخت میں بھی نمایاں کمی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے بھاری بل دکانوں کے کرائے اور دیگر اخراجات تاجروں پر اضافی بوجھ بن چکے ہیں۔ چھوٹے کاروباری افراد کے لیے موجودہ حالات میں اپنے کاروبار جاری رکھنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ چھوٹے تاجروں کے لیے بجلی کے نرخوں میں خصوصی رعایت اور بلوں میں ریلیف کا فوری اعلان کرے۔ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 33)

شہزاد ہاکی کلب 32 چک نے رانا حاجی مظہر خاں میموریل ہاکی ٹورنامنٹ جیت لیا

فائنل میں فیصل آباد ہاکی کلب کو 3-1 سے شکست، دونوں ٹیموں کو نقد انعامات دیے گئے

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) فیصل آباد ہاکی سٹیڈیم مدینہ ٹاؤن میں فیصل آباد ہاکی کلب کے زیر انتظام پہلا رانا حاجی مظہر خاں میموریل ہاکی ٹورنامنٹ کا فائنل میچ شہزاد ہاکی کلب 32 بمقابلہ فیصل آباد ہاکی کلب کے مابین کھیلا گیا، شہزاد بھائی کی ٹیم شہزاد ہاکی کلب 32 چک نے 1 گول کے مقابلے میں 3 گول سے جیت لیا، اس میچ کے مہمانان خصوصی قابل احترام شخصیت شیخ محمد یوسف سابقہ ڈپٹی میئر' ٹکٹ ہولڈر پی پی 114 تھے، شیخ محمد یوسف انکے ہمراہ اخواص قریشی' بیرسٹر شیخ ارسلان یوسف اور میاں محمد اجمل بھی موجود تھے،

غربت کا خاتمہ، تعلیم و صحت کی بہتری قومی ترجیحات میں شامل کرنا ہوگی

مستحق خاندانوں کو ہنر، کاروباری سرمایہ اور روزگار کے مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے، ملک اسامہ سعید



فیصل آباد (پ ر) چیئرمین لینڈ ریونیو ایڈوائزری کمیٹی پنجاب لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن، وائس چیئرمین مرکزی تنظیم تاجران پاکستان، وائس چیئرمین انجمن تاجران سٹی رجسٹرڈ فیصل آباد ملک اسامہ سعید اعوان، ملک حاکمین سعید اعوان نے کہا ہے کہ پاکستان کو پائیدار اور مسابقتی معیشت بنانے کے لیے غربت کے خاتمے، انسانی وسائل کی ترقی اور سماجی اشاریوں میں بہتری کو قومی ترجیحات میں سرفہرست رکھنا ہوگا، ترقی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 41)

شہر میں ڈکیتی، چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

60 سے زائد وارداتوں کے دوران لاکھوں کے زیورات' نقدی' قیمتی سامان اور موبائل فونز چھین کر لے گئے' متعدد شہریوں کی موٹر سائیکلیں اور رکشے چور لے اُڑے

اسلام نگر کے ریحان' جڑانوالہ روڈ سے افضل' کوآنہ کے اسحاق' کوتوالی روڈ سے غلام علی' جنوح کالونی سے پرویز اور دیگر کی موٹر سائیکلیں اور رکشے چور لے اُڑے

فیصل آباد (آن لائن) شہر اور گردونواح میں ڈکیتی چوری اور راہزنی کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، 60 سے زائد وارداتوں کے دوران لاکھوں کے زیورات' نقدی' قیمتی سامان اور موبائل فونز چھین کر لے گئے' متعدد شہریوں کی موٹر سائیکلیں اور رکشے چور لے اُڑے' پولیس شہر بھر کی ناکہ بندیوں کے باوجود ڈاکوؤں اور چوروں کا سراغ لگانے میں کامیاب نہ ہو سکی۔ تفصیل کے مطابق نصرت فتح علی خان ہسپتال کے باہر علی سے نقدی' فون' بابر چوک میں فیصل سے 10 ہزار' فون' جمال انڈر پاس کے قریب نواز سے 4 7 ہزار فون چھین لیا 431' گ ب کے آصف سے 35 ہزار لوٹ لیے' چراغ کالونی کے قریب شکیلہ بی بی سے جھپٹا مار کر پرس چھین لیا' فیصل ہسپتال کے قریب منصب سے فون چھین لیا' 470 گ ب کے محمد حسن کے گھر سے لاکھوں کے زیورات' نقدی' سامان چوری' اسلام نگر کے شفیق کا گھر لوٹ لیا' 150 رب کے بلال کے ڈیرہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 39)



فیصل آباد۔ پاکستان کونسل آف ریسرچ ان واٹر ریسورسز کی ٹیم گورنمنٹ میونسپل گرلز ایجوکیشن کالج جڑانوالہ روڈ میں واٹر ٹیسٹنگ کر رہی ہے

خیبر پختونخوا میں گورنر راج آئینی ضرورت تھا، توصیف نواز خان

صوبائی وسائل دھرنوں کے بجائے عوامی مسائل کے حل پر خرچ ہونے چاہئیں

فیصل آباد (پ ر) سٹی صدر پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ فیصل آباد توصیف نواز خان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج، ایمرجنسی کا نفاذ وقت کے تقاضا تھا وفاقی حکومت نے آئین کے مطابق اقدامات کئے ہیں، آئین میں درج ہے اگر کوئی صوبہ امن اومان قائم رکھنے، عوام کے مسائل حل کرنے میں ناکام ہو جائے تو وہاں گورنر راج کا آپشن استعمال کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی صورت بھی کسی صوبے کے وسائل ریاست پر چڑھائی کے لئے استعمال نہیں کئے جا سکتے اور پی ٹی آئی جب سے کے پی کے کی حکومت سنبھالی ہے اگر کوئی صوبہ امن اومان قائم رکھنے، عوام تب سے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 34)

فیصل آباد میں معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ، ڈنڈوں سے حملہ، دو بھائیوں سمیت 6 افراد زخمی

فیصل آباد (آن لائن) تھانہ ٹھیکریوالہ کے علاقہ 84 ج ب سرشیر میں لڑائی جھگڑے پر مشتعل ملزمان رضوان وغیرہ نے فائرنگ اور ڈنڈوں کے وار کر کے دو بھائیوں سمیت 6 افراد کو زخمی کر دیا، حملہ آور ہوائی فائرنگ اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتے ہوئے فرار ہو گئے، مضروبان (باقی صفحہ اندرونی نمبر 35)

مصنوعی ذہانت برطانیہ کی سلامتی کیلئے خطرات پیدا کر رہی ہے، ایم آئی فائیو چیف

لندن (این این آئی) برطانوی خفیہ ادارے ایم آئی فائیو کے سربراہ سر کین میکولم نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت برطانیہ کی سلامتی کیلئے خطرات پیدا کر رہی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت (باقی صفحہ اندرونی نمبر 37)

ملتان ٹرین حادثے پر افسوس، جاں بحق افراد کے لواحقین سے تعزیت

حادثے کی مکمل تحقیقات اور ریلوے سیکورٹی مزید سخت کرنے کا مطالبہ



فیصل آباد (پ ر) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما و سابق ممبر قومی اسمبلی چودھری محمد اعجاز ورک ایڈووکیٹ نے ملتان میں رحمان بابا ایکسپریس کو پیش آنے والے ٹرین حادثے کے نتیجے میں متعدد مسافروں کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے حادثے میں جاں بحق ہونے وال